سوال

(55) اللہ تعالی کا اپنی ذات میں ظہور کرنا؟؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالی کو اختیار ہے کہ اپنے صفات میں ظہور کرے اور صفات اسمائیہ آثار میں جلوہ گر ہوں کیا یہ درست ہے اگر ہے تو دلیل قرآن شریف اور حدیث نبوی سے تحریر فرمائی جاے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی کے ظہور کرنے سے اگر مراد یہ ہے کہ اس کی صفات کا اثر مخلوق میں پایا جائے مثلا قدرت کا اثر مقدور میں اور خالق کا اثر مخلوق میں تو ٹھیک ہے چنانچہ دیھ ہی رہے ہیں اور قرآن مجید صاف بتاتا بھی ہے، ۔ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ اور اگر اس سے مراد ہے کہ وہ خود جلوہ گر ہو جیسا عیسائیوں کا حضرت مسیح کی نسبت اور ہندووں کا اپنے بزرگوں کی نسبت جن کو وہ اوتار کہتے ہیں عقیدہ ہے تو یہ عقیدہ قرآن مجید حدیث شریف بلکہ جملہ اہل اسلام کے خلاف ہے واللہ اعلم، اہل حدیث امرتسر ۳۰ رجب المرجب ۱۳۴۲ھ :

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 10 ص 100

محدث فتویٰ